Australian Government
Department of Home Affairs

# آسٹریلیا میں جائے کار پر حقوق

## آسٹریلیا میں کن لوگوں کو جائے کار یعنی ورک پلیس پر حقوق حاصل ہیں؟

آسٹریلیا کے جائے کار کے قوانین ان ورکرز کا تحفظ کرتے ہیں جن کی بنیادی جائے کار آسٹریلیا میں ہو یا جو کسی آسٹریلین آجر کے پاس ملازمت کرتے ہوں۔ آسٹریلیا کے جائے کار کے قوانین کے تحت تحفظ ملنے کے لیے ورکرز کا آسٹریلین شہری یا مستقل رہائشی ہونا ضروری نہیں ہے۔

ویزا رکھنے والوں کو بھی آسٹریلیا میں کام کرنے والے باقی سب لوگوں جیسے بنیادی جائے کار کے حقوق اور تحفظ حاصل ہیں۔ کانٹریکٹ یا ایگریمنٹ میں ان حقوق کو ختم نہیں کیا جا سکتا۔

## میںمدد کے لیے کس سے رابطہ کر سکتا/سکتی ہوں؟

Fair Work Ombudsman[1] (FWO) آسٹریلیا کے جائے کار کے قوانین کا نفاذ کرتا ہے۔

FWO کے پاس ایسے مفید آن لائن وسائل موجود ہیں جہاں آپ اپنی تنخواہ اور اجرت چیک کر سکتے ہیں اور تنخواہ کا کیلکولیٹر[2] استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ Record My Hours app – Fair Work Ombudsman[3]. استعمال کر کے تیزی سے اور آسانی سے اپنے کام کے گھنٹے ریکارڈ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو فکر ہے کہ آپ کا آجر آپ کے ساتھ منصفانہ سلوک نہیں کر رہا ہے یا آسٹریلیا کے جائے کار کے قوانین کی تعمیل نہیں کر رہا ہے تو آپ معلومات، مشورے یا مدد کے لیے FWO سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
آپ انہیں 94 13 13 پر کال کر سکتے ہیں۔

ممکن ہے آپ کو کسی دوسرے ادارے جیسے لیگل ایڈ، کمیونٹی لیگل سنٹر یا کسی یونین سے مفت قانونی مدد بھی مل جائے۔[4]

## میرے ویزے کا کیا ہو گا؟

آپ کا آجر آپ کا ویزا کینسل نہیں کر سکتا، چاہے آپ نے اپنے ویزے کی شرائط کی خلاف ورزی کی ہو۔ صرف ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز (Home Affairs) اور آسٹریلین بارڈر فورس (ABF) ویزے دے سکتے ہیں، ویزا دینے سے انکار کر سکتے ہیں یا ویزے کینسل کر سکتے ہیں۔

آسٹریلین گورنمنٹ نے ایسے قوانین متعارف کروائے ہیں جو ویزے پر یہاں مقیم لوگوں کو جائے کار پر استحصال سے بچانے میں معاون ہیں۔ تحفظ کی یہ نئی قسمیں رپورٹنگ کے لیے زیادہ تحفظ دینے کے پائلٹ[5] کا حصہ ہیں۔

اگر آپ ایسے عارضی ویزے پر ہیں **جس کے ساتھ کام کرنے کی اجازت ہے** تو ممکن ہے آپ اس پائلٹ میں حصہ لینے کے لیے اہل ہوں۔

اگر آپ ایسے عارضی ویزے پر ہیں **جس کے ساتھ کام کرنے کی اجازت نہیں ہے** تو ہوم افیئرز آپ کے کیس پر اسکے میرٹس (اہم نکات اور شواہد) کی بنیاد پر غور کرے گا۔

اگر آپ پائلٹ میں حصہ لینے کے لیے اہل ہوں تو ہوم افیئرز ان صورتوں میں آپ کا ویزا **کینسل نہیں کرے گا**:

- آپ نے ویزے کی کام سے متعلق کسی شرط کی خلاف ورزی کی ہو، اور
- ویزے کی خلاف ورزی اور کام پر استحصال کے معاملے کے بیچ تعلق موجود ہو، اور
- بشرطیکہ کئی دوسری شرائط پوری پائی جاتی ہوں۔

رپورٹنگ کے لیے نئے تحفظ سے استفادہ کرنے کی خاطر ضروری ہے کہ:

- آپ اپنے کام پر استحصال کے معاملے کی تصدیق کسی شریک کار گورنمنٹ ایجنسی یا منظور شدہ تیسرے فریق سے حاصل کر کے پھر ہوم افیئرز کو اطلاع دیں[6]
- کام پر استحصال کے معاملے اور ویزے کی شرط کی خلاف ورزی کے بیچ تعلق واضح کریں، اور
- مستقبلمیں اپنے ویزے کی شرائط کی تعمیل کا عہد کریں۔

ہوم افیئرز کو کام پر اپنے استحصال کی اطلاع دینے کے لیے آپ Strengthening Reporting Protection Request Process form.[7] مکمل کر سکتے ہیں۔

## جائے کار پر مجھے کونسے حقوق حاصل ہیں؟

آسٹریلیا میں کام پر آپ کے حقوق طے کرنے والے اصول موجود ہیں جیسے آپ کو کم از کم کتنی رقم ملنی چاہیے (1 جولائی 2024 کو بالغ کل وقتی اور جز وقتی ورکرز کی قومی سطح پر کم از کم فی گھنٹا اجرت 24.10$ ہے)، آپ سے زیادہ سے زیادہ کتنے گھنٹے کام کرنے کا تقاضا کیا جا سکتا ہے اور آپ کو کتنی کتنی دیر بعد وقفہ ملنا ضروری ہے۔
یہ اصول مختلف جگہوں پر درج ہو سکتے ہیں جیسے ایوارڈ میں[8] یا رجسٹرڈ ایمپلائمنٹ ایگریمنٹ میں (مثلاً انٹرپرائز ایگریمنٹ),[9] یا ایمپلائمنٹ کانٹریکٹ میں۔

*فیئر ورک ایکٹ 2009* (کامن ویلتھ) کے تحت[10] ویزوں پر یہاں مقیم ورکرز کو دوسرے آسٹریلین ورکرز کے برابر بنیادی حقوق حاصل ہیں۔

---

[1] https://www.fairwork.gov.au
[2] https://calculate.fairwork.gov.au/findyouraward
[3] https://www.fairwork.gov.au/tools-and-resources/record-my-hours-app
[4] http://www.fairwork.gov.au/tools-and-resources/other-workplace-relations-help/legal-help
[5] https://immi.homeaffairs.gov.au/visas/working-in-australia/work-rights-and-exploitation/strengthening-reporting-protections-pilot
[6] https://immi.homeaffairs.gov.au/visas/working-in-australia/work-rights-and-exploitation/strengthening-reporting-protections-pilot#content-index-3
[7] https://immi.homeaffairs.gov.au/visas/working-in-australia/work-rights-and-exploitation/strengthening-reporting-protections-pilot/request-process-form
[8] https://www.fairwork.gov.au/employment-conditions/awards
[9] https://www.fairwork.gov.au/employment-conditions/agreements
[10] https://www.legislation.gov.au/C2009A00028/latest/versions

ان میں یہ حقوق شامل ہیں:

- تنخواہ اور اجرت - مثال کے طور پر 1 جولائی 2024 کو بالغ کل وقتی اور جز وقتی ورکرز کی حالیہ قومی کم از کم فی گھنٹا اجرت $24.10 ہے۔ کم از کم تنخواہ کے ریٹس میں ہر سال تبدیلی کی جاتی ہے۔
- کچھ حالات میں غیر منصفانہ بر طرفی (’کام سے نکالے جانے‘) کے خلاف تحفظ۔*
- جائے کار کے کسی حق کے استعمال کی وجہ سے امتیازی سلوک (برے برتاؤ) کے خلاف تحفظ - جیسے بیماری یا حادثے کے سبب کام کے قابل نہ ہونے پر چھٹی لینے یا اپنی ملازمت کے متعلق شکایت یا سوال کرنے کی وجہ سے۔
- کام پر جنسی آزار دہی (ہراسمنٹ) اور بلنگ کے خلاف تحفظ۔
- امتیازی سلوک کے خلاف تحفظ - اس میں عمر، معذوری، جنس، نسل، جنسی رجحان اور مذہب کی بنیاد پر غیر قانونی امتیازی سلوک کے خلاف تحفظ بھی شامل ہے۔

*اگر آپ کے خیال میں آپ کو غیر منصفانہ یا غیر قانونی طور پر برطرف کیا گیا ہو تو آپ کو فیئر ورک کمیشن کے پاس کلیم کرنے کے لیے 21 دن حاصل ہوتے ہیں۔ اصولوں اور استثناؤں کا اطلاق ہوتا ہے۔ آپ کو فوراً اس بارے میں مشورہ حاصل کرنا چاہیے۔[11]

یہ اہم ہے کہ آپ اپنے ویزے کی شرائط کی تعمیل کریں۔ اگر آپ کو اپنے ویزے کی شرائط پوری نہ کر پانے کے متعلق فکر ہے تو آپ کو کسی رجسٹرڈ مائیگریشن ایجنٹ (RMA) یا قانونی نمائندے (وکیل) سے بات کرنی چاہیے یا ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز سے رابطہ کرنا چاہیے۔[12]

تاہم آپ کو اپنے مائیگریشن سٹیٹس سے قطع نظر جائے کار کے قوانین کے تحت حقوق اور تحفظ حاصل ہیں۔
اس میں مائیگریشن ایکٹ کے تحت ایسے حالات بھی شامل ہیں جب :

- آپ نے اپنے ویزے کی کسی شرط کی خلاف ورزی کی ہو،
- آپ کو اپنے ویزے کی شرائط کے تحت آسٹریلیا میں کام کا حق حاصل نہ ہو، یا
- آپ کے پاس ابھی کوئی ویزا نہ ہو۔

## کام پر استحصال کی نشانیاں کیا ہیں؟

استحصالی طرز عمل میں کئی مختلف حالات شامل ہو سکتے ہیں جن میں ایک ملازم کے ساتھ کام پر برا سلوک کیا جا رہا ہو۔[13] اس کی کئی صورتیں ہو سکتی ہیں جیسے:

- آپ کا ویزا کینسل کرنے کی دھمکیاں
- کام کرنے پر مجبور کیا جانا
- کام کے نہایت لمبے اوقات۔
- پوری اجرت نہ ملنا اور بلا اجرت ٹریننگ۔
- تنخواہ کی سلپس نہ ملنا۔
- اجرت سے غیر منصفانہ کٹوتیاں (جیسے رہائش، ٹریننگ خوراک یا ٹرانسپورٹ کے لیے)، ڈیپازٹس یا ’کیش بیک‘ سکیمز۔[14]
- جائے کار کے حقوق نہ ملنا جیسے تنخواہ کے ساتھ رخصت، جس میں بیماری کی رخصت اور سالانہ رخصت بھی شامل ہے، یا سپرانوئیشن۔
- کوئی اور شخص آپ کا پاسپورٹ لے کر اپنے پاس رکھے۔
- آپ پر ویزے کی معیّنہ شرائط سے بڑھ کر کام کرنے کے لیے دباؤ ڈالا جائے۔
- آپ پر ملازمت کے لیے پہلے خود رقم یا ’ڈیپازٹ‘ دینے کے لیے دباؤ ڈالا جائے۔
- آجر آپ کو کیش ادائیگی کر کے ٹیکس دینے سے بچ رہے ہوں۔
- آپ کو ملازم کی بجائے خود مختار کانٹریکٹر بیان کیا جائے۔
- غیر محفوظ حالات میں کام کرنا۔
- آپ کا آجر آپ کو خراب معیار کی رہائش دے رہا ہو اور اس رہائش کا کرایہ دینے پر بھی مجبور کر رہا ہو۔
- آپ کو کام کی جگہ سے نکلنے کی اجازت نہ ہو۔
- آپ پر یونین کا ممبر نہ بننے کے لیے دباؤ ڈالا جائے۔

جائے کار پر استحصال تب ہوتا ہے جب آجر، نادانستہ یا دانستہ طور پر، جائے کار پر حقوق اور فرائض سے واقف نہ ہوں، یا انہیں سمجھتے نہ ہوں یا ان کی تعمیل نہ کرتے ہوں۔

## میرے ویزے کی شرائط سے میرے جائے کار کے حقوق پر کیسے اثر پڑتا ہے؟

آپ کے آسٹریلین ویزے میں ایسی شرائط شامل ہو سکتی ہیں کہ آپ کیا کام کر سکتے ہیں اور کیا کام نہیں کر سکتے۔ آجر معقول طور پر آپ کو ویزے کی شرائط کے نتیجے میں کوئی کام کرنے یا نہ کرنے کی ہدایت کر سکتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ کے ویزے کی شرائط صرف ایک خاص پیشے میں کام کرنے کی اجازت دیتی ہیں تو ممکن ہے آپ کا آجر آپ کو صرف اسی حیثیت سے کام کرنے کی ہدایت کرے۔

آپ کے ویزا گرانٹ لیٹر میں آپ کے ویزے سے وابستہ شرائط لکھی ہوں گی۔ یا، آپ Visa Entitlement Verification Online کے ذریعے اپنے ویزے کی تفصیلات اور ویزے کی شرائط دیکھ سکتے ہیں: (VEVO) (Visa holder enquiry (immi.gov.au))[15] ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز کی ویب سائیٹ پر۔

اگر آپ نے کسی RMA یا لیگل پریکٹیشنر کی خدمات حاصل کی ہوں تو وہ بھی آپ کو آپ کے ویزے کی شرائط کے متعلق رہنمائی دے سکتا ہے۔

---

[11] https://www.fairwork.gov.au/ending-employment/unfair-dismissal
[12] https://immi.homeaffairs.gov.au/visas/already-have-a-visa/check-visa-details-and-conditions/see-your-visa-conditions
[13] استحصال کی تعریف کریمینل کوڈ کے سب سیکشن 271.1A میں دی گئی ہے -
https://www.legislation.gov.au/C2004A04868/latest/text/2
[14] کٹوتیاں ہمیشہ غیر منصفانہ نہیں ہوتیں۔
[15] https://online.immi.gov.au/evo/firstParty?actionType=query

## مزید معلومات

ویز ے پر مقیم افراد اور تارکین وطن - فیئر ورک اومبڈزمین[16]

نیشنل ایمپلائمنٹ سٹینڈرڈز (NES)[17] سے مراد ملازمت کے وہ کم از کم حقوق ہیں جو زیادہ تر ورکرز کو حاصل ہیں۔

فیئر ورک معلوماتی بیان (FWIS)[18] میں NES اور دوسرے کم از کم حقوق کے متعلق معلومات ہیں۔ آجر اپنے تمام نئے ورکرز کو FWIS دینے کے پابند ہیں۔

فیئر ورک اومبڈزمین

فیئر ورک کمیشن

Record My Hours

آسٹریلین ٹیکسیشن آفس

رپورٹنگ کے لیے زیادہ تحفظ کا پائلٹ

ورک پلیس جسٹس ویزا پائلٹ

آسٹریلین فیڈرل پولیس

**یہ دستاویز ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز نے تیار کی ہے اور یہ RMAs کے ڈسٹری بیوٹ کرنے کے لیے ہے۔**
**یہ دستاویز RMA کی طرف سے قانونی مشورہ یا امیگریشن کے لیے مدد دینے کے مترادف نہیں ہے۔**

[16] https://www.fairwork.gov.au/find-help-for/visa-holders-migrants
[17] https://www.fairwork.gov.au/employment-conditions/national-employment-standards
[18] https://www.fairwork.gov.au/employment-conditions/information-statements/fair-work-information-statement